سوال

(174) ماہ رمضان میں شیطانی اعمال کیوں ہوتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم نے سنا ہے کہ رمضان المبارک میں شیطان قید کردیے جاتے ہیں، اگر ایسا ہی ہے تو پھر اس میں جو شیطانی کام قتل وغارت، چوری، ڈاکہ زنی، دغا بازی، قمار بازی اور حرام خوری وغیرہ کیونکر ظہور پذیر ہوتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے صحیح سنا ہے کہ رمضان المبارک میں شیاطین قید کردیے جاتے ہیں۔ کئی احادیث میں (صفدت الشیاطین) (مسلم، ح: 1079)، (تصفد فیہ الشیاطین) (مسند احمد 411/5) اور (سلسلت الشیاطین) (بخاري، ح: 1899) جیسے الفاظ آئے ہیں۔

بعض احادیث میں (مردة الشیاطین) (سرکش شیاطین) کے الفاظ بھی آئے ہیں۔ (نسائی، ح: 2104) اور سرکش شیاطین کو زنجیروں میں جکڑنے کا ہی نتیجہ ہوتا ہے کہ اس ماہ مبارک میں گناہوں میں مجموعی طور پر کمی واقع ہوجاتی ہے۔ اعمال صالحہ اکثر اور عام دیکھنے میں آتے ہیں۔ اس کا ایک منہ بولتا ثبوت مساجد میں نمازیوں کا ہجوم بھی ہے، وہ لوگ جنہوں نے کبھی مسجد کا منہ نہیں دیکھا ہوتا وہ بھی رمضان المبارک میں پیش پیش ہوتے ہیں۔

جو لوگ رمضان المبارک کی قدر کرتے ہیں اور روزوں کے آداب و شرائط کا لحاظ رکھتے ہیں وہ یقیناً شیاطین سے کافی حد تک محفوظ رہتے ہیں۔

یہ ضروری نہیں کہ نافرمانی صرف شیطان کے اکسانے یا بہکانے پر ہی ہو۔ اگر ایسا ہوتا تو ہر شیطان کے لیے ایک شیطان ہوتا اور پھر اس طرح یہ سلسلہ چل نکلتا اور یہ بھی معلوم ہے کہ ابلیس سے پہلے کوئی شیطان نہیں تھا تو اس نے جو معصیت کی تھی اس کا سبب اس کا نفس ہی تھا۔ (حاشیہ مسلم از ابوالحسن سندھی، الصیام)

شیاطین کے علاوہ شر اور نافرمانی کے دیگر بھی کئی اسباب ہیں جیسے:

"النفوس الخبیثة والعادات القبیحة والشیاطین الإنسیة"

"ناپاک نفس، بری عادات اور انسانی شیطان۔" (فتح الباري 249/8، مکتبہ قاہرہ)

قرآن حکیم میں ہے :

اِنَّ النَّفسَ لَاَمّارَةٌ بِالسّوءِ ۵۳ ... سورة یوسف

''بے شک نفس برائی پر اکسانے والا ہے۔''

خطبہ مسنونہ میں ہے :

(ونعوذ باللہ من شرور انفسنا) (ابن ماجہ، النکاح، خطبۃ النکاح، ح: 1893)

''ہم اپنے نفس کی شرارتوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔''

بعض لوگ برائیوں میں اس قدر آگے نکل جاتے ہیں کہ نافرمانیاں کرتے کرتے خود شیطان صفت بن جاتے ہیں۔ سورۃ الناس میں اس کا تذکرہ ملتا ہے کہ شیطان انسانوں سے بھی ہوتے ہیں۔ مِنَ الجِنَّةِ وَالنّاسِ ٦

یہ شیطان صفت لوگ ہی ہوتے ہیں جن کے دلوں پر تالے اور مہریں لگ چکی ہوتی ہیں اور ان کی بد عملی کی بنا پر ان کے دل زنگ آلود ہو چکے ہوتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

رمضان المبارک اور روزہ، صفحہ: 439

محدث فتویٰ